Nestlé Good food, Good life

Press Release

LAHORE, June 15, 2022

نیسلے پاکستان نے لیونگ دی گلوبل کمپیکٹ بیسٹ پریکٹسز سسٹین ایبلٹی ایوارڈز میں پہلا انعام جیت لیا

نیسلے پاکستان نے چھٹی بار "لیونگ دی گلوبل کمپیکٹ بیسٹ پریکٹسز سسٹین ایبلٹی ایوارڈ" 2021 جیت لیا۔ یہ ایوارڈ یو این گلوبل کمپیکٹ نیٹ ورک کے مقامی چیپٹر کی طرف سے نیسلے پاکستان کے SDGsکیلئے عزم اور اپنے کاروبار کو UNGCکے دس اصولوں کے مطابق چلانے کے اعتراف میں دیا گیا ہے۔

نیسلے پاکستان کے ہیڈآف کارپوریٹ افیئرز اینڈ سسٹین ایبلیٹی، وقار احمد، نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا "یہ اعتراف یو این SDGs کی طرف نیسلے پاکستان کی لگن اور عزم کو تقویت بخشتا ہے۔ یو این گلوبل کمپیکٹ فار ایتھیکل بزنس کا توثیق کنندہ ہونے کی حیثیت سے ہم دو طرفہ ترقی اور پائیداری کیلئے پرعزم ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ نیسلے Creating Shared Value(CSV) کے فلسفہ پر یقین رکھتی ہے۔ ہمارا مقصد آج اور آنے والی نسلوں کیلئے ہر ایک کی زندگی کے معیار کوبلند کرنے کیلئے خوراک کی طاقت کو بروئے کار لانا ہے اور یہی وجہ ہے کہ CSV ہماری ویلیو چین بھر میں کاروباری ماڈل کا لازمی جزو ہے۔

نیسلے پاکستان کو مبارک باد دیتے ہوئے، فصیح الکریم صدیقی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر گلوبل کمپیکٹ نیٹ ورک پاکستان نے کہا "ہم نیسلے کے عزم اور کوششوں کا اعتراف کرتے ہیں جو پاکستان میں پائیدار کاروبار کے طریقوں کے لئے UNGC کے اصولوں کے مکمل مطابق ہیں۔میں پائیداری میں بہترین طرز عمل کے فروغ اور انہیں پائیدار ترقیاتی اہداف سے ہم آہنگ کرنے پر مبادک باد دیتے ہیں۔

نیسلے 2025 سسٹین ایبلیٹی روڈ میپ چار ستونوں، موسمیاتی تبدیلی، پائیدار پیکجنگ، واٹر ری جنریشن اور ذمہ دار سورسنگ پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

نیسلے کچرے سے پاک مستقبل کے حصول کے لئے مستقل کام کر رہی ہے۔ اس مقصد کے لئے نیسلے 2025 تک اپنی 100 فیصد پیکیجنگ کو ر ی سائیکل اور دوبارہ قابل استعمال بنانے کو یقینی بنارہی ہے اور 2025 تک کاربن کے اخراج میں 20 فیصد کمی اور 2050 تک اسے صفر پر لاکر موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کے لئے پرعزم ہے۔

نیسلے پاکستان نے اپنے ریڈی ٹو ڈرنک مشروبات میں پیپر سٹرا بھی متعارف کرائے ہیں، اس اقدام سے صرف 2021 میں پلاسٹک کے 400 ملین سٹرا کا خاتمہ ہوا جو پائیدار پیکیجنگ کے ٹرانسفارمیشن کے سفر میں ایک بڑی پیش رفت ہے اور یو این ایس ڈی جی12 اور 13مطابقت رکھتی ہے۔

آبی وسائل کا تحفظ نیسلے کی میراث کا حصہ ہے۔ نیسلے پاکستان نے 2021 میں وا ٹر پلیج کے نام سے نئے عہد کا اغاز کیاجو 2017 میں شروع کئے جانے والے کیئرنگ فار واٹر پاکستان(C4W-Pakistan) کی چھتری تلے پانی کے تحفظ کے موجودہ اقدامات پر استوار ہے۔C4W کے تحت 198 ایکٹر قطعہ اراضی پر ڈرپ ایری گیشن اور 455 ایکڑ قطعہ اراضی پر مٹی کی نمی چیک کرنے کے سنسرز کی تنصیب سے ہمیں یواین ایس ڈی جی 6 اور 17 کے مطابق 380,000کیوبک میٹر پانی کو محفوظ بنانے میں مدد ملی۔

گلوبل کمپیکٹ نیٹ ورک پاکستان ہر سال لیونگ دی گلوبل کمپیکٹ بیسٹ پریکٹسز سسٹین ایبلیٹی ایوارڈز کا انعقاد کرتا ہے۔ پاکستان میں 90 کے قریب ادارے اس نیٹ ورک میں شامل ہیں۔

مزید معلومات کے لیے:
محمد راحت حسین، مینیجر پبلک افیئر، نیسلے پاکستان
ای میلMuhammadRahat.Hussain@pk.nestle.com :